© rasailojaraid.com



مدیر اعلیٰ : آغا بشیر

نگران اعلیٰ : میاں بشیر احمد صدیقی

ملنے کا پتہ : دفتر "الاصلاح" ۱۸۔بی شاہ عالم مارکیٹ۔لاہور

ہفت روزہ "الاصلاح" لاہور خاکسار تحریک کا آرگن ہے۔ زیر تبصرہ شمارہ خاص شمارہ ہے جس کی قیمت ایک روپیہ ہے۔ عام پرچے کی قیمت پچاس پیسے ہے۔

یہ شمارہ کس بنا پر یا کس موضوع پر خصوصی شمارہ ہے، یہ معلوم نہیں ہو سکا۔ البتہ اداریہ کے عنوان ——— ہوتا ہے جادہ پیما پھر کارواں ہمارا، ——— اور اس کے پہلے فقرہ "خاکسار تحریک نے انتہائی غور و فکر کرنے کے بعد ملکی معاملات میں بھرپور حصہ لینے کا عزم صمیم کیا ہے" سے اندازہ ہوتا ہے۔ خاکسار تحریک کے عزم نو کے سلسلہ میں تحریک کا تعارف ذرا وسیع پیمانے پر کرایا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سارے کے سارے مضامین (سوائے دو ایک کے) اسی سے وابستہ ہیں۔

خاکسار تحریک سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے تحریکی معلومات حاصل کرنے کے لئے اس پرچے کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

© rasailojaraid.com